**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**MAY 2014**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 15 minutes    Marks: 45**

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہر گز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

## حصۂ نثر:

سوالـ1 (کل 7 نمبر)

(الف) "مولوی عبدالحق" کی نثر نگاری کی کوئی **تین** خصوصیات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) ڈپٹی نذیر احمد کے سبق "صبح خیزی اور پڑھنے کے فائدے" میں محمودہ کی اُستانی نے اُسے نصیحت کی ہے اگر آپ کی اُستانی نے آپ کو کوئی نصیحت کی ہے تو اس کو اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ (4 نمبر)

**حصۂ نظم:**

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف) نظیر اکبر آبادی کو عوامی شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟ کوئی دو نکات تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) جنگِ اُحد میں "حضرت اُمّ عمارہؓ" نے کیا کردار ادا کیا اُسے دو نکات میں بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

(ج) محمود سرحدی کی نظم "مال گودام روڈ" کا بنیادی نکتہ تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

(د) ایک ایسا شعر تحریر کیجیے جو مطلع یا مقطع کی تعریف پر پورا اترتا ہو۔ (2 نمبر)

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

پہلا رویّہ:
میری کلاس میں سورج پرکاش سے زیادہ شریر لڑکا نہ تھا۔ فتنہ انگیزی میں اس کی جان تھی مدرّسوں کو بنانے اور چڑھانے، سرگرم طالبِ علموں کو ذلیل کرنے اور رُلانے میں اُسے مزہ آتا تھا۔

دوسرا رویّہ:
مجھے اس پر کبھی غصہ نہ آتا۔ میں جو نو بجے سو کر اُٹھا کرتا تھا، تڑکے اٹھ بیٹھتا، میں جو کبھی کتاب لے کر نہ بیٹھتا تھا، اُسے گھنٹوں پڑھایا کرتا۔ میں اس کے سامنے کوئی بیہودہ حرکت نہ کرتا تھا۔ ایک بھی ناشائستہ لفظ منہ سے نہ نکالتا۔

منشی پریم چند کے افسانے میں سورج پرکاش کے دو رویّے نظر آتے ہیں ایک منفی اور ایک مثبت۔ مثبت رویّے کی تحریک اس کی شخصیت و کردار میں کیسے پیدا ہوئی تبصرہ کیجیے۔

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)




دی گئی تصویر کا مطالعہ کیجیے اور بتائیے کہ ان تمام باتوں کا اثر براہ راست کس پر پڑ رہا ہے۔ نتیجے کی صورت میں کہانی یا رُوداد تحریر کیجیے۔

### ہدایات:

1۔ اپنی تحریر کا عنوان تجویز کیجیے۔

2۔ حالیہ واقعات کو مدِّ نظر رکھیے۔

3۔ طنز و مزاح کو اپنی تحریر کا حصّہ بنائیے۔

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

آپ کے / کی ایک دوست / سہیلی کو اسکول کی جانب سے اردو ڈراما "غالب بندر روڈ پر" مشتمل ایک پروجیکٹ میں حصّہ لینے کا موقع ملا ہے۔ آپ اس دوست / سہیلی کو خط لکھیے جس میں اُسے یہ بتائیے کہ وہ اپنے اس پروجیکٹ کو مکمل کرنے کے لیے دورِ جدید کے کون سے ذرائع استعمال کرے اور ساتھ ہی دو تجاویز بھی دیجیے کہ وہ کیسے ان ایجادات کی مدد سے اپنے اس پروجیکٹ کو بہتر انداز میں پیش کر سکتا / سکتی ہے۔

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work